لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ شوال ۱۳۴۱ھ مطابق ۲۱ مئی ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ترمیم شرح لائسنس اسلحہ	۱و۲
۲	سبکدوشی خدمات مسٹر سید علی صاحب سکریٹری تعمیرات	
۳	تقرر مسٹر ڈی بی ایچ کلیفورڈ بعہدہ ڈپٹی سکریٹری صاحبزادگان خواص مرحوم	۲
۴	۔۔۔ عہدہ حافظ قاضی محمد ہادی حسن خان بہادر	۲
۵	انتظام بعہدہ ... حیدر خان صاحب انسپکٹر پولیس	۲
۶	رخصت محرر مال تحصیل سوار	۲
۷	بحالی منظا حسین ہیڈ کانسٹبل	۲
۸	رخصت تحصیلدار محمد جمیل خاں صاحب	۲
۹	نقشہ نرخنامہ اجناس	۲
۱۰	نقشہ جات وفات	ضمیمہ

روبکار محکمہ عالیہ دارالانشا اجلاس اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۰ مئی ۱۹۲۳ء

لائسنس اسلحہ کی فیس کی موجودہ شرح قابل ترمیم ہے۔ لہٰذا انکو منسوخ کر کے حسب ذیل شرح منظور کیجاتی ہے۔

(الف) فیس بدستور بذریعہ اسٹامپ ریاست داخل ہوا کریگی۔

(ب) تلوار۔ برچھا۔ چھرا۔ کرچ۔ اور بلم پر چار آنہ فیس فی ہتھیار لیجائیگی۔

(ج) بندوق ٹوپیدار یکنالی و دونالی پر فی بندوق ایک روپیہ فیس ہوگی۔

(د) بندوق کارتوسی اور منہ سے بھرنے کے پستول پر فی ہتھیار دو روپیہ فیس ہوگی۔

(د) رائفل پر تین روپیہ فی رائفل فیس داخل کرنا ہوگی -

(س) ریوالور پر پانچ روپیہ فی ریوالور فیس لیجائیگی -

(ش) جس کیٹیگری میں سلاح آتشی ہو اُسکی فیس [illegible] کی شرح کے بموجب ہوگی جو اُسکے اندر ہو - اور جس کیٹیگری کے اندر دو یا دو سے زیادہ ہتھیار شامل ہوں تو اُسکی فیس بحساب جداگانہ فی کیٹیگری ہوگی -

(ص) جدید لائسنس کی درخواست کے ساتھ آٹھ آنے اسٹامپ پر وقت پیشی درخواست ہونا چاہئے -

(ض) لائسنس اجاری اور درآمد و برآمد کی درخواست کے ساتھ بھی آٹھ آنے کا اسٹامپ شامل ہونا چاہئے -

حکم ہوا کہ

ایک نقل بنا بر اطلاع عام صاحب ہوم سکریٹری بہادر کی پیش ہو اور ایک درج گزٹ ہو -

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۶ مئی ۱۹۲۳ء

مسٹر صفدر علی سکریٹری تعمیرات کے خدمات قابل اطمینان نہین ہین - لہذا

حکم ہوا کہ

مسٹر صفدر علی خدمات متعلقہ سے سبکدوش کئے جائین - اور صیغہ نہر حافظ حاجی محمد ہادی حسن خان بہادر پرائیوٹ سکریٹری کے سپرد کیا جائے - اور خان بہادر سید جعفر حسن بلوانجینیر کی ماتحتی مین دیے جائین - صیغہ تعمیرات صاحب سکریٹری بہادر صنعت حرفت کی ماتحتی مین دیا جاتا ہے - احکام ضابطہ حسب صراحت بالا جاری ہون -

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۶ مئی ۱۹۲۳ء

مسٹر ڈبلیو ایچ کلیفورڈ کا تقرر بعہدہ ڈیوٹر صاحبزادگان دوسرے روبکار مورخہ ۱۵ مئی ۱۹۲۳ء کے ذریعہ سے منظور ہو چکا ہے - اور وہ ۲۱ مئی ۱۹۲۳ء سے اپنے خدمت کا چارج لینگے - لہذا تاریخ چارج سے موجودہ عارضی انتظام منسوخ کرکے منشی محمد شیر زمان کو بدستور عہدہ ڈسٹرکٹ سشن ججی اور منشی محمد ارشاد اللہ خان کو جج خفیفہ پر واپس کیا جاتا ہے اور منشی محمد زمان خان کو جو عارضی طور پر جج خفیفہ کا کام انجام دے رہے ہین سبکدوش کیا جاتا ہے -

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ مئی ۱۹۲۳ء

چونکہ صیغہ انہار حافظ حاجی محمد ہادی حسن خان بہادر کے تفویض ہو چکا ہے لہذا اُنکے عہدہ کا نام پرائیوٹ سکریٹری انہار ہوگا - اور توشہ خانہ و جواہر خانہ کا کام بدستور اُنکے متعلق رہیگا -

۲ - صاحبزادہ سید محمود علیخان بہادر عہدہ پرائیوٹ سکریٹری پر مستقل کئے جاتے ہین -

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون -

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

تقرر و اضافہ وغیرہ

۱۱ مئی ۱۹۲۳ء

حسب منظوری بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم و ملکہم بسلسلہ برخاستگی حیدر خان سب انسپکٹر شاہزادہ ۱۵ ماہوار شرافت حسین سید دار کا تقرر بعہدہ سب انسپکٹر شاہزادہ ماہوار منظور کیا گیا - اور محمد علیخان رسیدار کا تقرر بعہدہ [illegible] اور [illegible] حسین [illegible] سپاہی ماہوار کی بجائے [illegible] اضافہ ہو کر سب انسپکٹر مقرر ہوئے [illegible]

رخصت

۱۱ مئی ۱۹۲۳ء

حسب نوٹ ناظم صاحب پندرہ روز کی رخصت محمد رمضان تحصیلدار کی بذریعہ نقل نویس منظور ہوئی

بحالی

۱۳ مئی ۱۹۲۳ء

بنا بر حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم و ملکہم - مظاہر حسین سیدہ کانسٹبل اپنی ملازمت سابقہ پر بحال کئے گئے - اور تاریخ کارگزاری سے جو تنخواہ پہلے ملتی تھی وہی پائینگے -

رخصت

۱۵ مئی ۱۹۲۳ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم منشی محمد جمیل خان تحصیلدار کی رخصت دو ماہ ۱۶ مئی ۱۹۲۳ء سے با انتظام موجودہ منظور کی گئی -

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۵ لغایت ۲۲ مئی ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵۰ ا ر	۵ ا ر			۸ ا ر	
نخود خالص	۱۴ ا ر	۱۴ ا ر			۱۳ ا ر	
نخود کسہ آمیز	۱۵ ا ر	۱۵ ۰ ا ر			۱۴ ا ر	
کسہ	۰	۱۶ ا ر			۱۵ ا ر	
ماش	۸ ا ر	۶ ۰ ا ر			۸ ا ر	
مونگ	۹ ا ر	۰			۸ ا ر	
مکا	۰	۰			۰	
جئی	۱۴ ا ر	۱۶ ا ر			۱۶ ا ر	
گوجئی	۰	۱۲ ا ر			۱۲ ا ر	
مسور	۱۲ ا ر	۱۱ ا ر			۱۲ ا ر	
ارہر	۰	۱۵ ا ر			۱۶ ا ر	
برنج	۴ ۰ ا ر	۴ ا ر			۴ ۰ ا ر	
روغن زرد	ـــ ر ا ر	ـــ ا ر			ـــ ر ا ر	
روغن سیاہ	۱ ۰ ا ر	۱ ۰ ا ر			۱ ۰ ا ر	
روغن کنجد	ـــ ا ر	۱ ا ر			۱ ا ر	
نمک سانبھر	۵ ر ا ر	۶ ۰ ا ر			۶ ر ا ر	
نمک لاہوری	۰	۶ ا ر			۶ ا ر	
قند سیاہ	۵ ۰ ا ر	۴ ا ر			۵ ا ر	
باجرہ	۹ ا ر	۰			۰	